## سوال

جب طواف کرتے ہوئے،جماعت کھڑی ہوجائے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی انسان بیت اللہ شریف کا طواف شروع کرے اور ابھی تین یا چار چکر ہی لگائے اور،جماعت کھڑی ہوجائے تووہ کیا کرے ؟ کیا طواف کو قطع کردے یا مکمل کرے ؟ اور اگر قطع کردے توکیا دوبارہ اسی جگہ سے شروع کرے جہاں چھوڑا تھا یا از سر نو طواف شروع کرے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب،جماعت کھڑی ہوجائے اور آدمی طواف کررہا ہو تووہ نماز میں شریک ہوجائے اور نماز سے فراغت کے بعد باقی طواف کی تکمیل کرے ، نماز سے پہلے چکر گر مکمل نہ ہو تو اسے شامر نہ کرے ، یادرہے مکمل چکروہ ہے جو حجر اسود سے شروع ہو کر حجر اسود پر ختم ہو اور اگر چکرابھی مکمل نہ ہو تو دوبارہ حجر اسود سے شروع کرے ، احتیاط اسی میں ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

# محدث فتوی

## فتوی کمیٹی